مطبوعات

تاریخ دعوت و عزیمت (حصہ سوم) | مصنف: مولانا سید ابوالحسن علی صاحب ندوی۔
ناشر: مجلس تحقیقات و نشریات اسلام دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔ قیمت مجلد چھ روپے غیر مجلد پانچ روپے۔ صفحات ۳۱۲۔

پچھلے پونے چودہ سو برس میں مسلمانوں میں مسلسل ایسے اصحاب دعوت و عزیمت پیدا ہوتے رہے ہیں جنہوں نے قولاً اور فعلاً دین کے احیاء کا فرض انجام دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اتنا طویل زمانہ گزر جانے کے باوجود دین اپنی اصلی اور خالص شکل میں موجود ہے۔ اس عرصے میں دنیا نے بڑی کروٹیں لیں، بڑے انقلابات آئے، قومیں ابھریں اور فنا ہو گئیں، تہذیبیں بنیں اور مٹ گئیں، خود مسلمانوں کا ہلالِ اقبال چودھویں کا چاند بن کر دنیا پر چمکا اور پھر گھٹنے لگا۔ یہ سب کچھ ہوا لیکن نبی آخر الزماں (صلی اللہ علیہ وسلم) کا لایا ہوا دین جوں کا توں قائم رہا۔ نہ کہنگی طاری ہوئی، نہ خستگی کا شکار ہوا۔ کیوں، اس لیے کہ قدرت برابر اسے اصحاب دعوت و عزیمت کی شکل میں نیا اور تازہ خون پہنچاتی رہی۔

مولانا سیّد ابوالحسن علی ندوی نے انہی اصحاب دعوت و عزیمت کا ایک مختصر تذکرہ تاریخ دعوت و عزیمت کے نام سے مرتب فرمایا ہے۔ اس کتاب کے دو حصے پہلے شائع ہو چکے ہیں۔ تیسرا حصہ اس وقت ہمارے پیش نظر ہے۔ اس حصے میں مولانا نے برصغیر کے اصحاب دعوت و عزیمت کو لیا ہے اور حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ، حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اور حضرت خواجہ فرید الدین گنج شکر (رحمہم اللہ) کے مختصر تذکرے کے بعد سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شاہ شرف الدین یحییٰ منیری رحمۃ اللہ علیہ

کا مفصل تذکرہ لکھا ہے۔ اس کے علاوہ چشتیہ سلسلے اور برصغیر کے تاریخی تعلق پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

تاریخ الحدیث | مصنف: قاضی عبدالصمد صارم فاضل دیوبند و فاضل جامعہ ازہر۔ ناشر: ادارۂ علمیہ ۵ دھنی رام روڈ۔ انار کلی لاہور۔ قیمت چار روپیہ۔ صفحات ۲۳۲۔

مولانا عبدالصمد صارم الازہری اورینٹل کالج لاہور میں ایک عرصے سے علوم عربیہ پڑھا رہے ہیں تصنیف و تالیف کا شغل بھی جاری ہے اور متعدد کتابیں آپ کے قلم سے نکل چکی ہیں۔ اب آپ نے علم الحدیث کے نام سے جدید تعلیم یافتہ حضرات کے لیے جو حدیث شریف کے بارے میں ابتدائی معلومات سے بھی بے بہرہ ہوتے ہیں، یہ کتاب تالیف کی ہے اور اس موضوع سے متعلق کافی معلومات جمع کر دی ہیں۔ کتاب کا معیار کتابت و طباعت گرا ہوا ہے۔ بالخصوص کتابت کی غلطیاں تو بے شمار ہیں۔ امید ہے کہ آئندہ ایڈیشن زیادہ اہتمام سے شائع کیا جائیگا

حضرت عمرو بن العاصؓ | مصنف: سلام اللہ صدیقی جونپوری۔ ناشر: مکتبہ اسلامی ادب، للہ پور (فاطمان) بنارس ملنے کا پتہ: مکتبہ الہلال نخاس کہنہ الہ آباد (بھارت)۔ ادارہ تنویل ۴۔ اے ذیلدار پارک اچھرہ لاہور (پاکستان) قیمت ۲ روپیہ ۲۵ پیسے صفحات ۱۵۴۔

فاتح مصر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شمار ان کبار صحابہ میں ہے جنہوں نے تاریخ اسلام میں بہت گہرے نقوش چھوڑے ہیں۔ لیکن کچھ وجوہ ایسی پیدا ہو گئیں کہ مسلمانوں نے ان کی طرف نسبتاً کم توجہ دی، جس کی وجہ سے عام پڑھا لکھا طبقہ ان کے حالات و سوانح سے قریب قریب ناواقف ہے۔ جناب سلام اللہ صاحب صدیقی قابلِ ستائش ہیں کہ انہوں نے حضرت عمرو بن العاصؓ کے حالات کافی تلاش و جستجو کے بعد مرتب کیے ہیں۔ کتاب کا معیار کتابت و طباعت معمولی ہے۔